UK Health Security Agency

NHS



COVID-19 ویکسین

# کمزور مدافعتی نظام والے لوگوں کے لیے

جن لوگوں کا مدافعتی نظام شدید کمزور ہے انہیں COVID-19، ویکسین کی تیسری خوراک لینے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ یہ کسی بھی تحفظ کو بہتر بنانے میں مدد کرنے کے لیے ہے جو آپ نے اپنی پہلی 2 خوراکوں سے بنایا ہو، اور یہ آپ کے بوسٹر سے پہلے دیا جاتا ہے۔

## COVID-19 یا کورونا وائرس کیا ہے؟

COVID-19 سانس کی ایک بہت ہی متعدی بیماری ہے جو SARS-CoV-2 وائرس کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یہ ان لوگوں میں بہت سنگین ہو سکتا ہے جن کا مدافعتی نظام کمزور ہے۔ COVID-19 کا کوئی علاج نہیں ہے حالانکہ کچھ نئے آزمائے گئے علاج پیچیدگیوں کے خطرے کو کم کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

## مجھے COVID-19 ویکسین کی تیسری خوراک کیوں پیش کی جا رہی ہے؟

یہ تیسری خوراک 5 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ان تمام لوگوں کو دی جا رہی ہے جن کا COVID-19 ویکسین کی پہلی 2 خوراکیں لینے کے وقت مدافعتی نظام کمزور ہو گیا تھا۔ یہ ممکن ہے کہ آپ کے مدافعتی نظام نے اچھی طرح سے رد عمل نہ دیا ہو جس طرح دوسرے لوگوں کے مدافعتی نظام نے دیا ہو۔ یہ تیسری خوراک آپ کے مدافعتی ردعمل کو بہتر بنانے اور آپ کو بہتر تحفظ فراہم کرنے میں مدد کر سکتی ہے۔

آپ کا طبی ماہر مشورہ دے سکتا ہے کہ آیا یہ آپ پر لاگو ہوتا ہے۔ تیسری خوراک لینے سے آپ COVID-19 انفیکشن کے ہونے کے اپنے امکانات کو کم کر سکتے ہیں۔

اور، اگر آپ ایسا کرتے ہیں، تو علامات کم شدید اور بیماری کم ہوسکتی ہے، اس کے مقابلے میں اگر آپ نے تیسری ویکسینیشن نہ کروائی ہو۔

جن لوگوں کو تیسری خوراک کی ضرورت ہوتی ہے وہ وہ لوگ ہوتے ہیں جن کی پہلی 2 خوراکیں لینے کے وقت ان کا مدافعتی نظام شدید کمزور تھا۔ اس میں وہ لوگ شامل ہیں جن کو لاحق تھا یا ہے:

- خون کے کینسر (جیسے لیوکیمیا یا لیمفوما)
- علاج کی وجہ سے قوت مدافعت میں کمی (جیسے سٹیرائڈ ادویات، حیاتیاتی تھراپی، کیموتھراپی یا ریڈیو تھراپی)
- مدافعتی نظام کے موروثی عوارض کی وجہ سے قوت مدافعت میں کمی
- ایک عضو یا بون میرو یعنی ہڈیوں کے گودے کی پیوند کاری
- ایسی بیماریاں جو مدافعتی نظام کو متاثر کرتی ہیں جیسے کہ خراب کنٹرول شدہ HIV
- آپ کے طبی ماہر کے مشورے کے مطابق دیگر بیماریاں یا علاج

## مجھے تیسری خوراک کب لینا چاہئے؟

اپنے تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے آپ کو 1 اضافی خوراک کی ضرورت ہوگی۔ آپ کی اضافی (تیسری) خوراک آپ کی دوسری خوراک کے کم از کم 8 ہفتے بعد دی جانی چاہیے۔

اس کے بعد آپ کو اپنے تحفظ کو بڑھانے کے لیے بوسٹر کی خوراک لینے کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے – کوئی بھی بوسٹر آپ کی اضافی (تیسری) خوراک کے 3 ماہ بعد دیا جانا چاہیے۔

## مضر اثرات

**بہت عام مضر اثرات میں شامل ہیں:**

- جس بازو میں آپ نے انجکشن لگایا تھا وہاں درد بھرا ، بھاری احساس اور سوجن کا ہونا۔ یہ ویکسین لگنے کے 1 سے 2 دن بعد سب سے زیادہ خراب ہوتا ہے۔
- تھکاوٹ محسوس کرنا
- سر درد
- عام درد، یا ہلکے فلو جیسی علامات

آپ آرام کر سکتے ہیں اور پیراسیٹامول لے سکتے ہیں (پیکیجنگ میں خوراک کے مشورے پر عمل کریں) تاکہ آپ کو بہتر محسوس کرنے میں مدد ملے۔ اگرچہ 2 سے 3 دن تک بخار محسوس کرنا کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے، لیکن زیادہ درجہ حرارت غیر معمولی ہے اور یہ ظاہر کر سکتا ہے کہ آپ کو COVID-19 یا کوئی اور انفیکشن ہے۔

ویکسینیشن کے بعد علامات عام طور پر ایک ہفتے سے کم رہتی ہیں۔ اگر آپ کی علامات بدتر ہوتی نظر آتی ہیں یا اگر آپ فکر مند ہیں، تو آپ NHS 111 پر کال کر سکتے ہیں۔

## ویکسینیشن کیسے حاصل کی جائے

آپ اپنی تیسری خوراک کے لیے آن لائن بک کر سکتے ہیں یا واک اِن کلینک جا سکتے ہیں۔ کلینک کو یہ چیک کرنے میں مدد کرنے کے لیے کہ آپ اہل ہیں، براہ کرم اپنے جی پی یا طبی ماہر کی طرف سے کوئی خط یا آپ جو دوائی لے رہے ہیں اس کی تفصیلات لائیں۔

## جن لوگوں کو تیسری ویکسین نہیں لگوانی چاہیے

اگر آپ کو ویکسین کی پچھلی خوراک پر بہت شدید ردعمل ہوا ہے، تو آپ کو اپنے ڈاکٹر سے اس پر بات کرنی چاہیے۔

## اگر آپ کی ویکسینیشن چھوٹ گئی ہے

اگر آپ نے ابھی تک ویکسین کی پہلی 2 خوراکوں میں سے کوئی ایک بھی نہیں لی ہے تو آپ کو انہیں جلد از جلد لینا چاہیے۔

اگر آپ کی دوسری خوراک کو ابھی 8 ہفتے سے زیادہ کا عرصہ ہو گیا ہے، تو براہ کرم جلد از جلد اپنی اضافی (تیسری) خوراک لینے کا بندوبست کریں۔

اگر آپ کی عمر 12 سال یا اس سے زیادہ ہے، تو آپ کو بھی بوسٹر کی ضرورت ہوگی۔ آپ کا بوسٹر آپ کی تیسری خوراک کے 3 ماہ بعد دیا جانا چاہیے۔

اگر آپ نے پہلے سے ہی اپنا بوسٹر لے لیا ہے ، تو آپ اس موسم بہار میں ایک اور بوسٹر کے اہل بھی ہو جائیں گے۔

اگر نہیں، تو آپ موسم بہار کی مہم کے حصے کے طور پر جلد ہی اپنا بوسٹر حاصل کر سکتے ہیں۔

اس موسم خزاں میں آپ کو شاید ایک اور بوسٹر کی ضرورت ہوگی۔



## مزید معلومات

www.nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/coronavirus-vaccination/

اور آپ یہاں پڑھ سکتے ہیں کہ آپ کی COVID-19 ویکسینیشن کے بعد کیا توقع کی جائے

www.gov.uk/government/publications/covid-19-vaccination-what-to-expect-after-vaccination

© Crown copyright 2021. UK Health Security Agency gateway number: 20211368.
Product code: C22WI2UR Urdu. 500K 2p MAR 2022 (APS). Version 3. 02/03/2022. If you want to order more copies of this leaflet using the product code C22WI2UR Urdu, please visit: www.healthpublications.gov.uk